## استحصالی قوتوں کی تمام تر سازشوں کے باوجود پنجاب میں ایم کیوایم کا پیغام پھیل رہا ہے۔الطاف حسین

## انشاءاللہ وہ وقت جلد آئے گا جب پنجاب میں گلی گلی ایم کیوایم کے جھنڈے لہرارہے ہوں گے

## ایم کیوایم پنجاب کے آرگنائزر امان اللہ خان اور پنجاب کے بزرگ رہنما غیاث الدین جانباز سے ملاقات کے موقع پر گفتگو

## ثابت قدمی کے ساتھ تحریک کا پیغام عوام میں پھیلانے پر ایم کیوایم پنجاب کے تمام ذمہ داروں وکارکنوں کو الطاف حسین کا سلام تحسین

لندن۔۔۔17 جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ استحصالی قوتوں کی تمام تر سازشوں، رکاوٹوں اور منفی پروپیگنڈوں کے باوجود پنجاب میں ایم کیوایم کا پیغام پھیل رہا ہے اور انشاءاللہ وہ وقت جلد آئے گا جب پنجاب میں گلی گلی ایم کیوایم کے جھنڈے لہرارہے ہوں گے۔انہوں نے یہ بات ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ایم کیوایم پنجاب کے آرگنائزر امان اللہ خان ایڈوکیٹ، سینئر جوائنٹ آرگنائزر اور پنجاب کے بزرگ رہنما غیاث الدین جانباز سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر اراکین رابطہ کمیٹی اور دیگر شخصیات بھی موجود تھیں۔ایم کیوایم کے پنجاب کے آرگنائزر امان اللہ خان اور بزرگ رہنما غیاث الدین جانباز نے جناب الطاف حسین کو پنجاب کے 36 اضلاع میں ایم کیوایم کے بڑھتے ہوئے کام اور پنجاب میں مجموعی تنظیمی صورتحال سے آگاہ کیا۔جناب الطاف حسین نے پنجاب کے تمام اضلاع سے تعلق رکھنے والے ایم کیو ایم کے تمام ذمہ داروں، کارکنوں اور ہمدردوں کو سلام تحسین پیش کیا جو مخالفین کی تمام تر مخالفتوں کے باوجود ثابت قدم ہیں اور مستقل مزاجی کے ساتھ تحریک کے فکر وفلسفہ کو عوام میں پھیلا رہے ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ کسی بھی معاشرے میں فرسودہ نظام کی تبدیلی یا انقلاب محض دعاؤں یا گھروں میں بیٹھ کر سوچ بچار کرنے سے نہیں آتا بلکہ اس کیلئے میدان عمل میں آکر جدوجہد کرنی پڑتی ہے اور قربانیاں دینی پڑتی ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ انقلاب کبھی بھی مراعات یافتہ طبقہ نہیں لایا کرتا بلکہ وہ ہمیشہ حکمران طبقہ کا ساتھ دیتا ہے،انقلاب برپا کرنے اور اپنے حقوق کے حصول کیلئے غریب ومحروم طبقہ کو خود ہی میدان عمل میں آنا پڑتا ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم ملک کی واحد جماعت ہے جس نے غریب عوام کے صرف نعرے نہیں لگائے بلکہ غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے افراد کو سینیٹ اور قومی وصوبائی اسمبلیوں کے ایوانوں میں جاگیرداروں ،وڈیروں اور سرداروں کے برابر بٹھادیا ہے اور وہ کام کردکھایا ہے جو ایم کیوایم سے پہلے کوئی بھی سیاسی جماعت نہیں کرسکی۔جناب الطاف حسین نے پنجاب کے تمام اضلاع سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داروں اور کارکنوں سے کہا کہ وہ ثابت قدمی ومستقل مزاجی کے ساتھ پنجاب میں تحریک کے پیغام کو پھیلاتے رہیں،انشاءاللہ وہ وقت جلد آئے گا جب پنجاب میں گلی گلی ایم کیوایم کے جھنڈے لہرارہے ہوں گے۔

## حق پرست عوام،صفیہ اکبر کی صحت یابی کیلئے خصوصی دعا کریں،الطاف حسین

لندن۔۔۔17،جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ شعبہ خواتین کی انچارج محترمہ صفیہ اکبر کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور انکی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں،بہنوں،بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ محترمہ صفیہ اکبر کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔واضح رہے کہ محترمہ صفیہ اکبر گزشتہ کئی دنوں سے شدید علیل ہیں اور اپنی علالت کے باعث مقامی اسپتال میں زیر علاج ہیں جہاں گزشتہ روز ان کا آپریشن ہوا ہے۔

## نیواپاسٹالک چرچ کے اسٹنٹ بشپ کی سربراہی میں 70 عیسائی نوجوانوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

## الطاف حسین کی قیادت میں ہی اقلیتی عوام کے حقوق کا تحفظ ممکن ہے مسیحی نوجوانوں کا اظہار خیال

## ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کی ٹاؤن ورکنگ کمیٹی لیاقت آباد ٹاؤن کے تحت سراج کالونی میں یوسی ورکنگ آفس کا افتتاح

کراچی۔۔۔17، جون 2008ء

نیواپاسٹالک چرچ کے اسٹنٹ بشپ اور لیاقت آباد ٹاؤن کی مسیحی بستی سراج کالونی کے سماجی رہنما پاسٹر انور جاوید کی سربراہی میں 70 مسیحی نوجوانوں نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ اور نظریئے سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز سراج کالونی لیاقت آباد کے عوامی گرجا گھر میں منعقدہ تقریب میں کیا جس میں مسیحی نوجوانوں اور بزرگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔تقریب میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی اسٹیفن آصف، ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے انچارج سیدمنورالاسلام، جوائنٹ انچارج عرفان حامد اور دیگر بھی شریک تھے۔متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے مسیحی نوجوانوں نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں قائدتحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں ہی اقلیتی عوام کے حقوق کا تحفظ اور حصول ممکن ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد میں صرف انسانیت کے رشتے کواولیت دی جاتی ہے اور ہرقسم کی مذہبی انتہاء پسندی،لسانی تعصب اور فرقہ واریت کے خاتمہ کی تعلیمات دی جاتی ہیں اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی یہی تعلیمات ہی ہمارے لئے مشعل راہ بنی ہیں اور ہم آج متحدہ قومی موومنٹ میں باقاعدہ شمولیت کا اعلان کررہے ہیں۔ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے انچارج سید منورالاسلام نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے پاسٹر انور جاوید اور مسیحی نوجوانوں کی شمولیت کا زبردست خیرمقدم کیا اور انہیں مبارکباد پیش کی۔ بعدازاں ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کی ٹاؤن ورکنگ کمیٹی لیاقت آباد ٹاؤن کے تحت سراج کالونی میں یوسی ورکنگ آفس کا افتتاح کیا جبکہ اس موقع پر قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت تندرستی کیلئے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

☆☆☆☆☆